**22.08.2024**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شبانہ بیگم

Music

...........................................................................

☆ بھارت اور پولینڈ نے اپنے تعلقات کو مستحکم کرکے اِسے اسٹریٹجک شراکت داری میں تبدیل کر دیا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے اعتماد ظاہر کیا کہ پولینڈ، بھارت اور یوروپی یونین کے تعلقات کو مستحکم کرنے میں تعاون فراہم کرے گا۔

☆ وزیر اعظم مودی نے کہا کہ بھارت اور دوست ممالک، یوکرین اور مغربی ایشیا میں امن اور استحکام کو جلد از جلد بحال کرنے کیلئے ہر ممکن مدد فراہم کرنے کیلئے تیار ہیں۔

☆ کولکاتہ کے ایک اسپتال میں خاتون ڈاکٹر کی آبروریزی اور قتل معاملے پر مختلف ریاستوں میں احتجاج کرنے والی ریزیڈینٹ ڈاکٹروں کی تنظیموں نے اپنی ہڑتال ختم کر دی ہے۔

☆ مہاراشٹر پبلک سروس کمیشن نے دیگر بھرتی امتحانات کے پیش نظر سول سروسز Prelims امتحان 2024 کو ملتوی کر دیا ہے۔

☆ اور...... نیرج چوپڑا، آج رات سوئٹزرلینڈ میں Lausanne ڈائمنڈ لیگ میں مردوں کے نیزہ پھینکنے کے مقابلے میں اپنی کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔

...........................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

### *PM Poland Visit*

بھارت اور پولینڈ نے اپنے تعلقات کو اسٹریٹجک شراکت داری میں تبدیل کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے اِس کا اعلان، Warsa میں پولینڈ کے اپنے ہم منصب Donald Tusk کے ساتھ وفد سطح کی بات چیت کے بعد کیا۔

2100- PM Modi on Strategic Parternship

وزیر اعظم نے اعتماد کا اظہار کیا کہ پولینڈ کے تعاون سے بھارت اور یوروپی یونین کے درمیان تعلقات مزید مستحکم ہوں گے۔ جناب مودی نے کہا کہ دونوں ملکوں نے اِس بات پر اتفاق کیا ہے کہ عالمی چیلنجوں کا سامنا کرنے

کیلئے اقوام متحدہ اور دیگر بین الاقوامی اداروں میں اصلاحات، وقت کی ضرورت ہیں۔

اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت اپنے دوست ملکوں کے ساتھ یوکرین اور مغربی ایشیا میں امن اور استحکام کو جلد از جلد بحال کرنے کی غرض سے مذاکرات اور سفارتکاری کیلئے ہر ممکن مدد فراہم کرنے کیلئے تیار ہے۔

2100- PM Modi on Ukraine

جناب مودی اور جناب Tusk نے دو طرفہ تعلقات کا جائزہ لیا اور متعدد امور پر اپنے خیالات کا تبادلہ کیا۔ دونوں ملکوں کی اِس میٹنگ نے باہمی مفاد کے دیگر امکانات تلاش کرنے کا ایک موقع فراہم کیا ہے۔

پولینڈ کے وزیر اعظم Donald Tusk نے کہا ہے کہ دونوں ممالک، جغرافیائی طور پر دوری، مختلف روایات اور تاریخ کے باوجود ایک دوسرے کو اچھی طرح سمجھتے ہیں۔

دو ملکوں کے اپنے دورے کے دوسرے اور آخری مرحلے میں وزیر اعظم نریندر مودی، یوکرین کے صدر Volodymyr زلینسکی کی دعوت پر کل یوکرین پہنچیں گے۔ x

## JPC - Waqf

وقف ترمیمی بل 2024 سے متعلق مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کی پہلی میٹنگ آج نئی دلّی میں ہوئی۔ 31 ارکان پر مشتمل کمیٹی کی قیادت BJP کے ایم پی Jagdambika Pal نے کی۔ ان میں 21 ارکان لوک سبھا کے اور 10 ارکان راجیہ سبھا کے ہیں۔ لوک سبھا نے کمیٹی کو یہ ذمہ داری دی ہے کہ وہ اِس بل پر غور و خوض کرے۔ اقلیتی امور اور قانون و انصاف کی وزارتوں کے عہدیداران نے قانون کے مسودے میں مختلف مجوزہ ترامیم کے بارے میں ارکان کو جانکاری دی۔ میٹنگ سے پہلے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے، جناب پال نے کہا کہ بل کی دفعات پر تبادلۂ خیال کے دوران اقلیتی تنظیموں کے زیادہ سے زیادہ لوگوں کو اظہارِ خیال کا موقع دیا جائے گا۔

انہوں نے کہا کہ اِس بل کو پیش کرنے کا حکومت کا ایک خاص مقصد یہ ہے کہ وقف کی املاک سے پسماندہ مسلمان اور خواتین کو فائدہ ہو۔ جناب پال نے کہا کہ کمیٹی سبھی 44 ترامیم پر تبادلۂ خیال کرے گی اور پارلیمنٹ کے اگلے اجلاس تک ایک اچھا اور جامع قانون وضع کرے گی۔ وقف ترمیمی بل 2024 کا مقصد خامیوں کو دور کرنا اور ایڈمنسٹریشن اور وقف املاک کے بندوبست کو بہتر بنانا ہے۔x

## Rev.Bihar Doctor Strike

کولکتہ اسپتال میں ٹرینی ڈاکٹر کی آبروریزی اور قتل کے معاملے کے خلاف مختلف ریاستوں میں ریزیڈینٹ ڈاکٹرز کی ایسوسی ایشنوں کی جانب سے احتجاج کے طور پر جاری ہڑتال ختم ہوگئی۔ دلّی میں ایمس، ڈاکٹر رام منوہر لوہیا اسپتال، صفدر جنگ اسپتال اور لیڈی ہارڈنگ میڈیکل کالج سمیت مرکزی حکومت کے اسپتالوں کے ریزیڈینٹ ڈاکٹروں کی ایسوسی ایشنوں نے اپنی ہڑتال ختم کردی ہے۔ اس کے علاوہ فیڈریشن آف آل انڈیا میڈیکل ایسوسی ایشن اور دلی سرکار کے اسپتالوں کے ریزیڈینٹ ڈاکٹروں کی ایسوسی ایشن نے بھی اپنی ہڑتال ختم کردی ہے۔

بہار میں ایمس پٹنہ کے ریذیڈینٹ ڈاکٹروں نے آج اپنی غیر معینہ ہڑتال کو ختم کر دیا۔ یہ فیصلہ، بہار کے دو سب سے بڑے سرکاری اسپتالوں، پٹنہ میڈیکل کالج اور اسپتال نیز اندرا گاندھی انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز کے ریذیڈینٹ ڈاکٹروں اور جونیئر ڈاکٹروں کی تنظیموں کے ذریعے ہڑتال ختم کیے جانے کے بعد سامنے آیا ہے۔

اطلاعات ونشریات اور پارلیمانی امور کے مرکزی وزیر مملکت ڈاکٹر ایل موروگن نے مغربی بنگال حکومت پر اس واقعے میں ٹھوس کارروائی نہ کرنے کا الزام لگایا ہے۔

## Shivraj Lakhpati

زراعت اور دیہی ترقی کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے آج کہا کہ نئی حکومت کی تشکیل کے 100 دن کے اندر ہی 11 لاکھ خواتین لکھ پتی بن چکی ہیں۔ نئی دلّی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جناب چوہان نے مطلع کیا کہ وزیراعظم نریندر مودی اسی ماہ کی 25 تاریخ کو مہاراشٹر کے جلگاؤں میں ایک تقریب میں Didis کو توثیق نامے عطا کریں گے۔ انھوں نے کہا کہ جلگاؤں پروگرام میں تقریباً ایک لاکھ Didis کے شرکت کرنے کا امکان ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ اس کے علاوہ ملک کے دیگر مختلف حصوں میں منعقدہ تقریبات میں بھی توثیق نامے دیئے جائیں گے۔ جناب چوہان نے کہا کہ اس موقع پر جناب مودی اپنی مدد آپ گروپوں کیلئے 2 ہزار 500 کروڑ روپے کی رقم بھی جاری کریں گے۔

اس فنڈ سے پورے ملک کے 4 لاکھ اپنی مدد آپ گروپوں کو فائدہ پہنچے گا۔ وزیر موصوف نے کہا کہ وزیر اعظم لکھ پتی دیدیوں سے بات چیت بھی کریں گے اور اپنی مدد آپ گروپوں کو قرض کیلئے 5 ہزار کروڑ روپے کی رقم بھی جاری کریں گے۔x

## Ministry of Agriculture Conference

زراعت اور کسانوں کی بہبود کی وزارت نے آج نئی دلّی میں ایک قومی کانفرنس کا انعقاد کیا تاکہ فصلوں کی پیداوار سے متعلق اعداد و شمار کو بہتر بنانے کے سلسلے میں ریاستوں کے ساتھ تبادلۂ خیال کیا جاسکے۔ اِس کانفرنس کے دوران زرعی پیداوار کے اعداد و شمار کو بہتر بنانے اور ڈیٹا کی درستگی کو بہتر بنانے کیلئے ٹیکنالوجی کو مربوط کرنے پر بنیادی توجہ مرکوز تھی۔ کانفرنس کی صدارت کرتے ہوئے زراعت کے سکریٹری دیویش چترویدی نے مرکز اور ریاستی حکومتوں کے درمیان مسلسل اشتراک کی ضرورت پر زور دیا تاکہ زرعی اعداد و شمار کے معیار کو بہتر بنانے کے مشترکہ ہدف کو حاصل کیا جاسکے۔ x

## National Space Day

خلاء کے پہلے قومی دن کی تقریبات کل ملک بھر میں منائی جائیں گی۔ اسرو کے U R Rao سیٹلائٹ سینٹر کے ڈپٹی ڈائریکٹر R V Nadagouda نے بینگلورو میں آکاشوانی نیوز کے ساتھ اِس دن کی اہمیت کے بارے میں بات کی۔ انھوں نے کہا کہ اصل تقریب سے قبل نئی نسل کو خلائی تحقیق اور ترقی میں مواقع کے حصول کیلئے تحریک دینے

کی غرض سے طلباء کیلئے متعدد پروگراموں کا انعقاد کیا گیا۔

S/B: R V Nadagouda, Deputy Director

## EC Observers Meeting

جموں وکشمیر اور ہریانہ اسمبلی انتخابات کے عام مشاہدین، پولیس مشاہدین اور اخراجات سے متعلق مشاہدین کی میٹنگ آج نئی دلّی میں منعقد ہوئی۔ اس موقع پر اعلیٰ انتخابی کمشنر راجیو کمار اور دیگر انتخابی کمشنرز، گیانیش کمار اور ڈاکٹر سکھبیر سنگھ سَندھو نے مشاہدین کو انہیں دیئے گئے انتخابی حلقوں میں ان کے اہم رول سے واقف کرایا۔ اس میٹنگ میں انڈین ایڈمنسٹریٹیو سروس، انڈین پولیس سروس اور انڈین ریوینیو سروس کے افسران کے علاوہ دیگر مرکزی خدمات کے 400 سے زیادہ سینئر افسران نے شرکت کی۔ جموں وکشمیر اور ہریانہ اسمبلی انتخابات میں قریب 200 عام مشاہدین، 100 پولیس مشاہدین اور اخراجات سے متعلق 100 مشاہدین کو تعینات کیا جائے گا۔

مشاہدین کو ان کے اہم رول سے واقف کراتے ہوئے اعلیٰ انتخابی کمشنر راجیو کمار نے زور دے کر کہا کہ انتخابی کمیشن کے نمائندوں کے طور پر مشاہدین سے یہ توقع کی جاتی ہے کہ وہ پیشہ ورانہ انداز اپنائیں اور امیدواروں اور عوام سمیت سبھی فریقوں کیلئے قابل دسترس رہیں۔ جناب راجیو کمار نے مزید کہا کہ دونوں ریاستوں میں انتخابات منصفانہ اور غیرجانبدار طریقے سے ہوں گے۔ اعلیٰ انتخابی کمشنر نے مزید کہا کہ جموں وکشمیر میں اسمبلی انتخابات کو لے کر زبردست جوش وخروش ہے۔x

## LEH Accident

لیہہ لداخ کے Durbuk سب ڈویژن میں ایک سڑک حادثے میں کم سے کم 7 افراد جاں بحق ہوگئے۔ آج صبح Durbuk موڑ کے نزدیک ایک گاڑی سڑک سے پھسل کر گہری کھائی میں جاگری۔

## Maha MPSG Exam

مہاراشٹر پبلک سروس کمیشن MPSC نے مہاراشٹر گزیٹیڈ سول سروس کمبائنڈ پری امتحان 2024 کو ملتوی کردیا ہے۔ MPSC کی جانب سے ایک میٹنگ کئے جانے کے بعد یہ فیصلہ کیا گیا۔

25 اگست کو ہونے والے MPSC امتحان اور IBPS کلرک بھرتی امتحان 2024 کے انعقاد کی تاریخوں کے ٹکراؤ کی وجہ سے اسے ملتوی کرنا پڑا۔ MSPC نے ایک بیان میں کہا ہے کہ امتحان کی نئی تاریخ کا جلد ہی اعلان کیا جائے گا۔x

## Mumbai HC Badlapur Case

بامبے ہائی کورٹ نے آج تھانے کے بدلاپور میں واقع ایک اسکول میں چار سال کی دو بچیوں کے ساتھ جنسی زیادتی کے معاملے کی تحقیقات میں کوتاہی برتنے پر مہاراشٹر پولیس کی سرزنش کی ہے۔ عدالت نے اخباری رپورٹس کی

بنیاد پر معاملے کا از خود نوٹس لیا ہے۔ جسٹس Revati Mohite Dere اور پرتھوی راج Chavan پر مشتمل ایک ڈویژن بینچ نے مقدمہ درج کرنے میں تاخیر پر سوال اٹھاتے ہوئے کہا کہ اس طرح کی تاخیر سے پولیس سے رجوع کرنے میں لوگوں کی حوصلہ شکنی ہوتی ہے۔ عدالت نے ریاست کو جرم کی اطلاع نہ دینے پر اسکول حکام کے خلاف کارروائی کرنے کی ہدایت دی اور دوسری متاثرہ بچی کے بیان ریکارڈ کرنے میں تاخیر کے سلسلے میں وضاحت طلب کی۔

## India Africa

کامرس کے سکریٹری سنیل بارتھ وال نے کہا ہے کہ بھارت، ضروری اجناس جیسے چاول کی فراہمی کے ذریعے افریقہ کی غذائی دستیابی کو یقینی بنانے کا پابند ہے۔ نئی دلّی میں آج CII بھارت-افریقہ بزنس کانکلیو کے اختتامی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے جناب بارتھ وال نے کہا کہ افریقہ کے صحت سے متعلق نظام کی ترقی میں بھارتی دوا ساز کمپنیاں کافی اہمیت رکھتی ہیں۔ انھوں نے کہا کہ بھارتی ٹیلی میڈیسن خدمات دنیا بھر کے ممالک کی مدد کر رہی ہیں جس میں افریقہ ایک بڑا ساجھے دار ہے۔Burundi کے نائب Prosper Bazombanza نے کہا کہ Burundi کی ترقی میں اقتصادی ساجھے داری کافی اہمیت کی حامل ہے۔ لائبیریا کے نائب صدر Jeremiah Kpan Koung نے ساجھے داری پر تبادلہ خیال کرنے اور زرعی صنعت میں سرمایہ کاری کیلئے بھارت کو مدعو کیا۔ ماریشس کے نائب صدر Marie Cyril Eddy Boissézon نے کہا کہ اپنے پچھلے ایڈیشن کی طرح بھارت-افریقہ کانکلیو بھی بھارت اور افریقہ کے بیچ تعلقات میں بڑی پیشرفت ہے۔ زمبابوے کے نائب صدر ڈاکٹر C.G.D.N. Chiwenga نے کہا کہ مقصد ایسے ترقیاتی منصوبوں کی تشکیل ہے جو قابل تجدید توانائی، زراعت، کانکنی، خلائی ٹیکنالوجی، نقل وحمل، لاجسٹکس اور صحت کی دیکھ بھال جیسے شعبوں کو فائدہ پہنچائیں۔x

## India US Energy Talks

بھارت اور امریکہ نے آج مینوفیکچرنگ کی صلاحیت، توانائی کی افادیت اور توانائی ذخیرہ کرنے کے نظام کو فروغ دینے پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے ایک مفید اور نتیجہ خیز بات چیت کی۔

بجلی کے وزیر منوہر لال کھٹّر نے وزیر مملکت شری پدنائک اور دیگر سینئر افسران کے ہمراہ آب و ہوا کی تبدیلی سے متعلق بین الاقوامی پالیسی کیلئے صدر کے سینئر مشیر John Podesta کی سربراہی والے امریکی وفد کے ساتھ صاف ستھری توانائی سے متعلق مختلف امور پر تبادلۂ خیال کیا۔x

## High Commessioner Bangladesh

بنگلہ دیش میں بھارت کے ہائی کمشنر پرنئے ورما نے آج بنگلہ دیش کی حکومت کے چیف صلاح کار پروفیسر محمد یونس سے تعارفی ملاقات کی۔ اِس دوران بھارتی ہائی کمشنر نے امن، سلامتی اور ترقی کیلئے بھارت اور بنگلہ دیش کے عوام کی مشترکہ خواہش کی تکمیل کیلئے بنگلہ دیش کے ساتھ مل کر کام کرنے کے بھارت کے عزم کو دوہرایا۔x

## Nagaland NLTP Act

ناگالینڈ حکومت نے ریاست میں مکمل شراب بندی سے متعلق قانون، NLTP ایکٹ 1989 پر نظرثانی کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس کے تحت کچھ شعبوں سے پابندی کو جزوی طور پر ہٹائے جانے کا امکان ہے۔ کوہیما کے ناگالینڈ سول سکریٹیریٹ میں آج منعقدہ کابینی میٹنگ میں یہ فیصلہ لیا گیا۔ حکومتی ترجمان KG Kenye نے NLTP قانون پر نظرثانی کی ضرورت پر زور دیا جس پر اس کے تین دہائی قبل اطلاق کے بعد سے نظرثانی نہیں کی گئی۔ حکومت ترجمان نے کہا کہ انضباطی نظام کے نہ ہونے سے خفیہ طور پر شراب بیچنے والوں کو چھوٹ مل گئی ہے جس کی وجہ سے وہ ناقص اور ممکنہ طور پر نقصاندہ شراب اسمگل کر رہے ہیں۔x

## Bihar Rajak

بہار میں سابق وزیر اور RJD کے سینئر رہنما شیام رَجَک نے آج اعلیٰ قیادت پر دھوکہ دینے کا الزام لگاتے ہوئے پارٹی سے استعفیٰ دے دیا۔ RJD کے قومی جنرل سکریٹری جناب رَجک کو حالیہ دنوں میں پارٹی سے الگ تھلگ کر دیا گیا تھا۔ وہ راجیہ سبھا اور ضمنی انتخابات میں بہار قانون ساز کونسل کیلئے کیلئے نامزدگی حاصل کرنے میں ناکام رہے تھے۔ قیاس لگائے جا رہے ہیں کہ جناب رَجک، نتیش کمار کی قیادت والی جنتا دل یونائیٹیڈ پارٹی میں دوبارہ شامل ہوسکتے ہیں۔ x

## Neeraj Diamond League

اولمپک میں دو مرتبہ تمغہ جیتنے والے نیرج چوپڑا، آج رات سوئٹزر لینڈ میں باوقار Lausanne Daimond لیگ میں مردوں کے نیزہ پھینکنے کے مقابلے میں اپنی کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔ 26 سالہ نیرج چوپڑا، پیرس اولمپکس 2024 میں چاندی کا تمغہ جیتنے کے بعد اِس مقابلے میں حصہ لے رہے ہیں۔ x

## BCCI England

بھارتی کرکٹ کنٹرول بورڈ BCCI نے 2025 کیلئے بھارت کے انگلینڈ دورے کی تاریخوں کا اعلان کر دیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں BCCI نے کہا ہے کہ اِس دورے کے دوران اگلے سال 20 جون سے 4 اگست کے دوران پانچ میچوں کی ٹیسٹ سیریز کھیلے جائے گی۔ اِس سے قبل انگلینڈ کی ٹیم اگلے برس 22 جنوری سے 12 فروری کے دوران پانچ ٹی ٹوئنٹی میچ اور تین ایک روزہ بین الاقوامی میچ کھیلنے کیلئے بھارت کا دورہ کرے گی۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆